# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 29 March-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۹/مارچ ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

:::::::سرخیاں::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ نموکسان سمان فنڈ اسکیم کے چھٹے ہفتے کی تقسیم کا آج سے آغاز؛ ریاست کے 64 لاکھ کسانوں کو گذشتہ تین برسوں کی نقصان بھرپائی دینے کا فیصلہ۔

☆ مرکزی کابینہ نے الیکٹرانک آلات کی پیداوار کی اسکیم کو دی منظوری۔

☆ مرکزی حکومت کے ملازمین کے مہنگائی بھتے میں 2% کا اضافہ۔

☆ وزیرِ اعظم مودی کل 30 مارچ کو ناگپور کے دورے پر۔

☆ فائیڈ خواتین گرینڈ پرکس شطرنج مقابلوں کے پانچویں مرحلے کا 13 تا 4 اپریل کے دوران پونے میں انعقاد۔

اور۔۔۔☆ موسیقی کی فنکارہ سیتا بھابھی راؤ کو ایک تقریب کے دوران 18 ویں گووند سمّان سے نوازا گیا۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

نموکسان مہا سمان فنڈ اسکیم کے تحت چھٹے ہفتے کی مدد آج سے 93 لاکھ 26 ہزار کسان خاندانوں میں تقسیم کی جائے گی۔ چھٹے ہفتے کی کم وبیش دو ہزار 196 کروڑ روپیؤں کی رقم اہل استفادہ کنندگان میں آدھار اور DBT سے ملحقہ بینک کھاتوں میں جمع کی جائے گی۔ حکومت کی جانب سے یہ اطلاع دی گئی۔

***** ***** *****

ریاستی حکومت نے 64 لاکھ کسانوں کے کھاتوں ص میں کم وبیش دو ہزار 555 کروڑ روپیؤں کی بیمہ نقصان بھرپائی جمع کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ زراعت کے ریاستی وزیر مانک راؤ کوکاٹے نے یہ اعلان کیا۔ انھوں نے بتایا کہ حکومت نے بیمہ کمپنیوں کو ریاست کی جانب سے دی جانے والی گرانٹ کے طور پر دو ہزار 852 کروڑ روپیؤں کی تقسیم کو منظوری دی ہے جو زیرِ التواء تھی۔ وزیرِ موصوف نے بتایا کہ خریف کے گذشتہ تین اور ربیع کے دو موسموں کے دوران ہونے والے نقصان کی بھرپائی کے طور پر یہ رقم دی جا رہی ہے۔

***** ***** *****

مرکزی کابینہ نے کل الیکٹرانک آلات سازی کے شعبے کو مضبوط بنانے کیلئے منظوری دی۔ اطلاعات ونشریات کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے نئی دہلی میں ایک صحافتی کانفرنس میں یہ اطلاع دی۔ اس اسکیم کیلئے 22 ہزار کروڑ سے زیادہ کی رقم مختص کی گئی ہے۔ وزیرِ موصوف نے اس یقین کا اظہار کیا کہ اس سے 91 ہزار سے زائد براہِ راست روزگار پیدا ہوں گے۔ انھوں نے کہا:

**BYTE: Ashwini Vaishnaw**

کابینہ نے مرکزی حکومت کے ملازمین اور پنشنرس کیلئے مہنگائی بھتے میں دو فیصد اضافے کو منظوری دی ہے۔ اس اضافے کا اطلاق رواں برس کے یکم جنوری سے ہوگا۔ اس فیصلے سے کم وبیش 48 لاکھ 66 ہزار ملازمین اور 66 لاکھ 55 ہزار پنشنرس کو فائدہ ہوگا۔

***** ***** *****

مرکزی حکومت نے یکم اپریل سے چنے کی درآمد پر 10 فیصد کسٹم ڈیوٹی لگانے کا فیصلہ کیا ہے۔ پچھلے سال مئی میں حکومت نے ملک میں اس کی دستیابی کو بڑھانے اور قیمتوں کو کنٹرول کرنے کیلئے چنے کی مفت درآمد کی اجازت دی تھی۔ یہ ڈیڈ لائن 31 مارچ کو ختم ہوجائے گی۔ سرکاری اعداد وشمار کے مطابق مالی سال 25-2024 کے دوران 1015 کروڑ ٹن چنے کی پیداوار کی گئی۔

***** ***** *****

ATM سے مہینے کی مقررہ حد سے زیادہ رقم نکالنے پر وصول کی جانے والی فیس میں یکم مئی سے ہر لین دین کے دوران دو روپئوں کا اضافہ کیا گیا ہے۔ ریزروبینک آف انڈیا (RBI) نے اس اضافے کی اجازت دی ہے۔ فی الحال یہ فیس 21 روپئے فی لین دین ہے۔

***** ***** *****

قدرتی آفات سے نمٹنے کی خاطر مرکزی حکومت کی اعلیٰ سطحی کمیٹی نے ریاست کیلئے 614 کروڑ روپئوں کے فنڈ کو منظوری دی ہے۔ یہ فنڈ فائر سرویس یعنی آتش فرو خدمات کی توسیع اور بہتری کیلئے ہے۔ مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ اس کمیٹی کے چیئرمین ہے۔ اس کمیٹی نے مہاراشٹر سمیت کُل پانچ ریاستوں کو 16 سو کروڑ روپئوں سے زائد کے فنڈ کی منظوری دی ہے۔

***** ***** *****

وزیرِ اعظم نریندر مودی کل 30 مارچ کو مہاراشٹر اور چھتیس گڑھ کا دورہ کریں گے۔ مہاراشٹر میں وہ ناگپور جائیں گے، اسمرتی مندر کے درشن کریں گے۔ اس کے بعد وہ دِکشا بھومی بھی جائیں گے، ساتھ ہی وزیرِ اعظم مادھونیترالیہ کی توسیع شدہ عمارت کا سنگِ بنیاد رکھیں گے اور اجتماع سے خطاب کریں گے۔ وزیرِ اعظم کے ہاتھوں سولار ڈیفنس ایرواسپیس کے لوئٹرنگ گولہ بارود ٹیسٹنگ رینج اور UAV کیلئے رَن وے کی سہولت کا افتتاح عمل میں آئے گا۔

اسی دوران وزیرِ اعظم مودی کل آکاشوانی کے پروگرام من کی بات کے ذریعے قوم سے خطاب کریں گے۔ یہ اس سیریز کی 120 ویں قسط ہوگی۔

***** ***** *****

**یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔**

***** ***** *****

خواتین کی ترقی کی چوتھی پالیسی کے تحت اُن کیلئے صحت اور صفائی کی سہولیات فراہم کرنے کو زیادہ ترجیح دی جائے گی۔ اس کے مطابق شاہراہوں پر ہر 25 کلومیٹر فاصلے پر خواتین کیلئے بیت الخلاء تعمیر کیے جائیں گے۔ خواتین واطفال کی ترقی کی ریاستی وزیر آدیتی ٹکرے نے یہ اعلان کیا۔ ان بیت الخلاؤں کی دیکھ بھال اور انتظام مقامی خواتین کے سیلف ہیلپ گروپ کریں گے۔ اس کے علاوہ ٹکرے نے یہ بھی بتایا کہ شاہراہوں پر خواتین کے سیلف ہیلپ گروپ کی مصنوعات فروخت کرنے کا منصوبہ بھی بنایا جارہا ہے۔

***** ***** *****

خوراک اور صارفین کے اُمور کی وزارت نے انتباہ دیا ہے کہ شکر کے ماہانہ اسٹاک کی حد مقرر کردی گئی ہے اور حکومت اس سے زیادہ شکر ذخیرہ کرنے والے شکر کارخانوں پر سخت کارروائی کرے گی۔ شکر کی ذخیرہ اندوزی کی روک تھام اور قیمتوں میں اضافے کو کنٹرول کرنے کی خاطر ماہِ اپریل کیلئے اسٹاک کی حد 2.35 ملین ٹن مقرر کی گئی ہے۔ اسی بیچ ریاست میں اب تک 8.14 کروڑ 92 ہزار ٹن گنّے کی کشید کی گئی، جس سے 7.643 لاکھ ٹن شکر پیدا کی گئی ہے۔ گذشتہ برس کے مقابلے میں یہ پیداوار 2.4 ملین ٹن کم ہے۔

***** ***** *****

کل ہر طرف رمضان المبارک کے آخری جمعہ، جمعتہ الوداع کی نماز ادا کی گئی۔ جس میں کثیر تعداد میں نمازیوں نے شرکت کی۔ اس موقع پر مسلم پرسنل لاء بورڈ کی ہدایت پر مسلمانوں نے وقف ترمیمی بل پر احتجاج درج کرنے کیلئے کالے فیتے باندھ کر نماز ادا کی۔

***** ***** *****

مہاراشٹر چیس اسوسی ایشن کی جانب سے فائیڈ خواتین گرینڈ پرکس شطرنج مقابلوں کے پانچویں مرحلے کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ یہ مقابلے پونے میں آئندہ 13 تا 24 اپریل کے دوران ہوں گے۔ عالمی شطرنج کے تیز رفتار چمپئن اور اولمپیاڈ میں طلائی تمغے حاصل گرینڈ ماسٹر کونیرو ہمپی اور گرینڈ ماسٹر ہریکا ڈورونا ویلی سمیت مختلف ممالک کے شطرنج کے کھلاڑی اس ٹورنامنٹ میں حصہ لے رہے ہیں۔

***** ***** *****

موسیقی کی فنکارہ اور اُستاد سیتا بھابھی راؤ کو 18 ویں گووند سمان سے ایک تقریب کے دوران نوازا گیا۔ چھترپتی سمبھاجی نگر میں موسیقی کے سینئر ماہر پنڈت وشوناتھ اوک کے ہاتھوں یہ ایوارڈ دیا گیا۔ یہ انعام ایک یادگاری نشان اور گیارہ ہزار روپئوں پر مشتمل تھا۔ اس موقع پر سیتا بھابھی نے کہا کہ وہ یہ ایوارڈ موسیقی سیکھنے والے طلبہ، ان کے والدین اور سامعین کے نام کر رہی ہیں۔ انھوں نے کہا کہ:

**BYTE: Seeta Bhabhi**

***** ***** *****

مراٹھا ریزرویشن جدوجہد کے روحِ رواں منوج جرانگے پاٹل کی طبعیت کل اس وقت اچانک خرب ہوگئی جب وہ بیڑ میں ایک اجتماع سے خطاب کر رہے تھے۔ انھیں علاج کیلئے فوری طور پر اسپتال میں داخل کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر طیران گاہ کے علاقے میں کل گوتم بدھ کے مجسّمے کی نقاب کشائی کی گئی۔ اس موقع پر صنعت کے اُدئے سامنت، دیگر پسماندہ طبقات اور بہوجن بہبود کے اپراتل ساوے اور رابطہ وزیر سنجے شرساٹ سمیت کئی معززین موجود تھے۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ نمو کسان سمان فنڈ اسکیم کے چھٹے ہفتے کی تقسیم کا آج سے آغاز؛ ریاست کے 64 لاکھ کسانوں کو گذشتہ تین برسوں کی نقصان بھرپائی دینے کا فیصلہ۔

☆ مرکزی کابینہ نے الیکٹرانک آلات کی پیداوار کی اسکیم کو دی منظوری۔

☆ مرکزی حکومت کے ملازمین کے مہنگائی بھتے میں 2% کا اضافہ۔

☆ وزیر اعظم مودی کل 30 مارچ کو ناگپور کے دورے پر۔

☆ فائیڈ خواتین گرینڈ پرکس شطرنج مقابلوں کے پانچویں مرحلے کا 13 تا 4 اپریل کے دوران پونے میں انعقاد۔

☆ اور۔۔۔ موسیقی کی فنکارہ سیتا بھابھی راؤ کو ایک تقریب کے دوران 18 ویں گووند سمّان سے نوازا گیا۔

***** ***** *****

اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔